
# ۱۴۔ نقشہ اور علامتیں

## آئیے یہ کر کے دیکھیں

- اپنے اسکول/گھر کے اطراف کے ماحول کا غور سے مشاہدہ کیجیے۔
- اس ماحول میں نظر آنے والی مختلف چیزوں کی فہرست بنائیے۔

## بتائیے تو بھلا



اوپر دی ہوئی تصویر میں آٹھ مختلف چیزیں بتائی گئی ہیں۔ان میں سے کچھ چیزیں انسان نے خود تیار کی ہیں اور کچھ قدرتی طور پر بنی ہوئی ہیں۔ان کی درجہ بندی نیچے دیے ہوئے طریقے سے ہوگی۔

| قدرتی طور پر پائی جانے والی | انسان کی بنائی ہوئی |
|---|---|
| ندی | اسکول |
| درخت | پانی کی ٹنکی |
| پہاڑ | مکان |
| گھاس | کنواں |

اپنے اسکول/گھر کے اطراف نظر آنے والی چیزوں کی آپ نے جو فہرست بنائی ہے، اس فہرست کی چیزوں کی قدرتی اور انسان کے ذریعے بنائی گئی چیزوں میں تقسیم کیجیے۔

## اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں

انسان کے ذریعے بنائی جانے والی چیزوں میں ہم قدرتی وسائل ہی کا استعمال کرتے ہیں مثلاً ہم درخت کی لکڑی سے کرسی، میز، بینچ وغیرہ بناتے ہیں۔

## بتائیے تو بھلا




اوپر کی تصویر میں شاہدہ کا مکان اور اسکول کا ماحول نظر آ رہا ہے۔ تصویر کی مدد سے ذیل کی سرگرمی کیجیے۔

- تصویر میں شاہدہ کا مکان تلاش کیجیے۔
- تصویر میں اسکول تلاش کیجیے۔
- شاہدہ کے مکان سے اسکول تک کا راستہ منتخب کیجیے۔ اسے مختلف رنگ سے رنگیے۔
- اس راستے سے اسکول جاتے ہوئے نظر آنے والی مختلف چیزوں کا ذیل کے مطابق اندراج کیجیے۔

شاہدہ جس راستے سے اسکول جاتی ہے وہ راستہ آپ نے تلاش کر لیا ہے۔ شاہدہ کو اسکول جانے کے لیے چھوٹا راستہ اور اصل راستہ ملے گا۔ ان راستوں کی دونوں جانب مختلف چیزیں/ مقامات ہیں۔

(۱) چھوٹے راستے سے جاتے ہوئے تصویر میں دیے ہوئے مقامات کون سی سمت میں آتے ہیں، لکھیے۔


(۲) اصل راستے سے جاتے ہوئے تصویر میں دیے ہوئے مقامات کون سی سمت میں آتے ہیں؟

(۳) اسکول کو جاتے ہوئے کون کون سی سمت مُڑنا پڑے گا؟ اندراج کیجیے۔

آگے شاہدہ کا گھر اور ماحول کی وہی تصویر چھوٹی دی ہوئی ہے۔ لیکن اس تصویر میں حقیقی درخت اور عمارتیں نہیں بتائی گئی ہیں۔ ان کی جگہ مخصوص نشانات لگائے گئے ہیں اور ان کے لیے الگ الگ رنگ استعمال کیے گئے ہیں۔ نشانات کے سامنے وہ کس لیے ہیں، لکھا ہوا ہے۔ یاد رہے کہ ماحول کی کچھ چیزیں تصویر میں نہیں ہیں۔ **اس تصویر کو خاکہ کہتے ہیں۔**



## بتائیے تو بھلا




بازو کے خاکے کا مشاہدہ کر کے ذیل کا عمل بیاض میں لکھیے۔

۱۔ گھر کے لیے استعمال کیا ہوا مخصوص نشان بتائیے۔

۲۔ خاکے میں وہ نشان کتنی جگہ استعمال ہوا ہے؟ اس نشان کے سامنے تعداد لکھیے۔


۳۔ درخت کے لیے استعمال کیا ہوا نشان بتائیے۔

۴۔ خاکے میں کتنے درخت بتائے گئے ہیں؟ درخت کے نشان کے سامنے تعداد لکھیے۔

۵۔ ماحول کی کون سی چیزیں اس خاکے میں نہیں ہیں، ان کے نام لکھیے۔

- خاکہ بنانے کے لیے ہم نے مختلف نشانات اور رنگوں کا استعمال کیا۔
- اس خاکے کا نقشہ بنانے کے لیے اس میں سمت، اشاریہ، عنوان اور پیمانہ دینا ضروری ہے۔
- نقشے میں ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والی چیزوں کو شامل نہیں کیا جاتا ہے۔ مثلاً جانور، پرندے، انسان، راستے پر گزرنے والی سواریاں وغیرہ۔
- ماحول کی تصویر میں راستہ جس طرح موڑ لیتا ہے اسی طرح اسے نقشے میں بتایا جاتا ہے۔ سڑکیں، ندیاں، ریل کا راستہ نقشے میں اسی طرح بتاتے ہیں۔

- شاہدہ کا گھر اور ماحول کا نقشہ نیچے دیا ہوا ہے۔ اپنے ماحول کا نقشہ بنا کر اس نقشے سے اس کا موازنہ کیجیے۔ آپ کے نقشے میں کچھ خامیاں ہوں تو انھیں دور کیجیے۔



## کیا آپ جانتے ہیں؟



نقشہ نویسی کی سائنس (علم) اب کافی ترقّی کرچکی ہے۔ ہمارے بزرگ بھی نقشے بناتے تھے۔ نقشے بنانے کے لیے وہ حیوانات کے چمڑے، ہڈّیاں، کوڑیاں، مٹّی/ پتھر کی تختی وغیرہ استعمال کرتے تھے۔ تقریباً ۵۰۰۰ سال قبل میسوپوٹیمیا نام کا ملک موجود تھا۔ اس ملک کا کچھ حصّہ دِکھانے والی اُس وقت کی مٹّی کی تختی (Clay Tablet) سامنے دی ہوئی ہے۔ اسے دیکھیے۔

## آئیے یہ کرکے دیکھیں


قدرتی اور انسان کی بنائی ہوئی چیزوں کی جو فہرست آپ نے شروع میں بنائی ہے اس میں اُن چیزوں کے لیے سادہ اور آسان نشانات استعمال کیجیے۔ نشانات کی بنیاد پر اپنے ماحول کا خاکہ کاغذ پر بنانا ہے۔

- سڑکیں، ندی، ریل کا راستہ یہ ماحول میں جس طرح نظر آتے ہیں اسی طرح خاکے میں بتائیے۔ بعد میں نشانات کی مدد سے دوسری چیزیں بتائیے۔
- آپ کی بنائی ہوئی نشانات کی فہرست خاکے کے باز ولکھ کر ان نشانات کا مطلب ان کے سامنے لکھیے۔
- آپ کے ماحول میں طلوعِ آفتاب کی سمت ذہن میں رکھ کر خاکے میں سمتوں کا چکر بنائیے۔ اب اس خاکے کو 'میرا ماحول' نام (عنوان) دیجیے۔

آپ کے ذریعے تیار کیا ہوا نقشہ پیمانے کے مطابق نہیں ہے۔ ہو سکے تو وہ ہمیں بھجوائیے....!


## آئیے دماغ پر زور دیں

- نقشے میں غلطیاں پہچانیے اور ان کے اطراف ◯ بنائیے۔



**بتائیے تو بھلا**

نیچے دیے ہوئے مہاراشٹر کے نقشے کا مشاہدہ کرکے ذیل کی سرگرمی کیجیے۔




(۱) ہماری ریاست کو تاریخی ورثہ حاصل ہے۔ مہاراشٹر میں سمندری قلعے، پہاڑی قلعے اور میدانی قلعے واقع ہیں۔ جن ضلعوں میں یہ قلعے ہیں ان کے نام بیاض میں لکھیے۔

(۲) گرم پانی کے چشمے کون کون سے ضلع میں ہیں، اپنی بیاض میں لکھیے۔

(۳) ہماری ریاست کے جن ضلعوں میں غار ہیں ان ضلعوں کے نام کے نیچے لکیر کھینچیے۔

(۴) نقشے میں جن ضلعوں میں بندرگاہ ہیں انھیں تلاش کیجیے۔ ان ضلعوں کے ناموں کے اطراف ◯ بنائیے۔

(۵) اشاریہ میں دی ہوئی معلومات کا استعمال کر کے انسان کی بنائی ہوئی اور قدرتی چیزوں کی درجہ بندی کیجیے۔

(۶) پونہ-کولھاپور شہروں کے درمیان قومی شاہراہ اور ریل کا راستہ ہے۔ ان میں سے کون سا راستہ کم فاصلہ کا ہے، بیاض میں لکھیے۔

(۷) گوندیا-چندرپور ریل کے راستے پر قلم پھیریے اور اس پر واقع مقامات بیاض میں لکھیے۔



## کیا کریں گے بھلا

سراج کو اس کے ماحول کا نقشہ بنانا ہے۔ اس کو ماحول میں بازو کے چوکون کی چیزیں نظر آئیں۔ ان میں سے کون سی چیزیں اسے نقشے میں بنانا چاہیے؟ آپ اس کی مدد کیجیے۔

**گھر، اُڑتا ہوا کوّا، پولیس اسٹیشن، گائے، ڈاک خانہ، بھینس، اسکول، موٹر سائیکل، چوک، سڑک، ٹاور، ریل گاڑی، ریلوے اسٹیشن اور کھیت۔**



## ہم نے کیا سیکھا؟

- ⌘ نقشے میں انسان کی بنائی ہوئی اور قدرتی چیزیں پہچاننا۔
- ⌘ ہمارے ماحول میں قدرتی اور انسان کی بنائی ہوئی دونوں قسم کی چیزیں ہوتی ہیں۔
- ⌘ نقشے بناتے وقت مخصوص نشانات کا استعمال کرتے ہیں۔



## مشق

GZAP75

(الف) انسان کی بنائی ہوئی چیزوں کے لیے اشیا کہاں سے ملتی ہیں؟

(ب) کون سی چیزیں نقشے میں بتائی نہیں جاتیں؟ اس کی کیا وجہ ہے؟

(ج) ماحول کی چیزیں نقشے میں بتاتے وقت کیا استعمال کرتے ہیں؟

(د) ’الف‘ اور ’ب‘ میں سے کون سا نقشہ مکمل ہے؟ نامکمل نقشے میں کون سی چیزیں نہیں ہیں؟ انھیں لکھیے۔

